## پاکستان کے عوام خصوصاً سیاسی و مذہبی رہنماؤں، این جی اوز اور انسانی حقوق کی تنظیمیں ڈاکٹر عافیہ کو دی جانے والی سزا کے خلاف ایم کیو ایم کی احتجاجی ریلی میں بھرپور شرکت کریں، الطاف حسین کی اپیل

## سیاسی و مذہبی جماعتیں سیاسی اختلافات بالائے طاق رکھتے ہوئے قوم کی بیٹی کو سنائی گئی غیر منصفانہ سزا کے خلاف اس ریلی میں شرکت کر کے پوری پاکستانی قوم کا احتجاج اپنے اتحاد کے ذریعہ ریکارڈ کرائیں

## حق پرست عوام ثابت کر دیں کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو دی جانے والی غیر منصفانہ سزا کے خلاف پوری پاکستانی قوم متحد ہے

لندن۔۔۔27، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کے عوام خصوصاً سیاسی و مذہبی رہنماؤں، این جی اوز اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے اپیل کی ہے کہ وہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو دی جانے والی سزا کے خلاف ایم کیو ایم کی پرامن احتجاجی ریلی میں بھرپور شرکت کریں اور اتحاد کا مظاہرہ کر کے ثابت کر دیں کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو دی جانے والی سزا کے خلاف پوری پاکستانی قوم متحد ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ دنوں امریکی عدالت نے قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو 86 سال کی ظالمانہ سزا سنائی جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سزا کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کے تحت کل بروز منگل کو احتجاجی ریلی نکالی جائے گی تاکہ دنیا کو آگاہ کیا جاسکے کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو دی جانے والی غیر منصفانہ سزا کے خلاف پوری پاکستانی قوم متحد ہے۔انہوں نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران، منتخب نمائندگان، کارکنان، حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں، طلباء وطالبات، محنت کشوں اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ بھرپور شرکت کر کے ایم کیو ایم کی احتجاجی ریلی کو کامیاب بنائیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ احتجاجی ریلی ایم کیو ایم کے اغراض ومقاصد اور مطالبات کیلئے نہیں بلکہ قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو دی جانے والی سزا کے خلاف نکالی جارہی ہے۔سیاسی و مذہبی جماعتیں یہ نہ دیکھیں کہ یہ احتجاجی ریلی ایم کیو ایم نکال رہی ہے بلکہ یہ دیکھیں کہ یہ قومی غیرت وحمیت اور قوم کی بیٹی کا مسئلہ ہے۔وقت کا تقاضا ہے کہ وہ ایم کیو ایم سے سیاسی ونظریاتی اختلافات بالائے طاق رکھتے قوم کی بیٹی کو سنائی گئی غیر منصفانہ سزا کے خلاف اس احتجاجی ریلی میں بھرپور شرکت کریں۔ جناب الطاف حسین نے ملک بھر کی سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، این جی اوز، انسانی حقوق کی تنظیموں اور ایک ایک پاکستانی سے دردمندانہ اپیل کی کہ وہ اپنے اتحاد کا مظاہرہ کر کے دنیا پر واضح کر دیں کہ پاکستانی قوم کا ایک ایک بچہ، ماں، بہن، بزرگ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے ساتھ ناروا سلوک اور ان کو دی جانے والی سزا کے خلاف سراپا احتجاج ہے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم صوبہ پنجاب، صوبہ سندھ، صوبہ خیبر پختونخوا، صوبہ بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے تمام ذمہ داران اور کارکنان سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو دی جانے والی غیر منصفانہ سزا کے خلاف بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کریں اور پرامن احتجاجی ریلیاں نکال کر دنیا کے سامنے اپنا بھرپور احتجاج ریکارڈ کرائیں۔

## عافیہ صدیقی کو امریکی عدالت سے سزا قومی مسئلہ ہے، ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی

## احتجاجی ریلی میں تمام سیاسی و مذہبی، سماجی، ادبی اور صحافتی اور دیگر جماعتوں کے رہنماء وکارکنان بھرپور انداز میں شرکت کر کے قومی یکجہتی کا مظاہرہ کریں، مختلف سیاسی و مذہبی، سماجی و ادبی شخصیات سے رابطہ کمیٹی کا رابطہ

کراچی۔۔۔27، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، سماجی، ادبی اور صحافتی شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے رابطہ کر کے انہیں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو امریکی عدالت سے 86 سال قید کی سزا کے خلاف اور ان کی جلد رہائی و بحفاظت وطن واپسی کیلئے ایم کیو ایم کے تحت بروز منگل 28 ستمبر سہ پہر دو بجے تبت سینٹر پر ایم اے جناح روڈ پر احتجاجی ریلی میں شرکت کیلئے دعوت دی ہے جبکہ اسی طرح مختلف شہروں میں بھی ایم کیو ایم کے ذمہ داران نے سیاسی، مذہبی وسماجی اور دیگر شخصیات سے ملاقات کر کے انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے نکالی جانے والی ریلیوں میں شرکت کی دعوت دی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی امریکی عدالت 86 سالہ سزا کسی ایک خاندان یا جماعت کا مسئلہ نہیں بلکہ پوری قوم کا مسئلہ ہے جس پر اپنا احتجاج ریکارڈ کرانا تمام جماعتوں کا بھی قومی فریضہ ہے۔

## ایم کیوایم کے تحت کراچی سمیت ملک بھر میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کیلئے منگل کو دوپہر 2 بجے احتجاجی ریلیاں نکالی جائیں گی، رابطہ کمیٹی

## کراچی میں مرکزی ریلی تبت سینٹر ایم اے جناح روڈ منعقد ہوگی جبکہ ملک بھر میں ایم کیوایم کے دفاتر اورزون کے تحت مقامی پریس کلب پر ریلیوں کا انعقاد کیا جائے گا

## ریلیوں میں عوام وکارکنان زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کرکے، اپنا احتجاج ریکارڈ کرائیں

کراچی۔۔۔27،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو امریکی عدالت کی جانب سے 86 سال قید کی سزا اوران کی رہائی کیلئے مورخہ 28 ستمبر 2010 بروز منگل سہ پہر 2 بجے بمقام تبت سینٹر ایم اے جناح روڈ پر احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا جارہا ہے۔احتجاجی ریلی سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلیفونک خطاب کریں گے۔کراچی سمیت ملک بھر میں پرامن ریلیوں کا انعقاد کیا جائے گا۔اس سلسلے کی مرکزی احتجاجی ریلی کراچی میں تبت سینٹر ایم اے جناح روڈ پر نکالی جائے گی جبکہ ملک بھر میں ایم کیوایم کے زونل اور ڈسٹرکٹ دفاتر کے تحت بھی مقامی پریس کلب پر احتجاجی ریلیوں کا انعقاد کیا جائیگا اور ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا کے خلاف اوران کی رہائی کیلئے بھرپور احتجاج ریکارڈ کرایا جائے گا ۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام وکارکنان ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا کے خلاف اوران کی رہائی کیلئے کراچی اور ملک بھر میں نکالی جانے والی احتجاجی ریلیوں میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اوراپنا پرامن احتجاج ریکارڈ کرائیں۔

## امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن کی نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار، محترمہ نسرین جلیل اور مصطفی کمال سے ملاقات

## ڈاکٹر عمران فاورق کی شہادت پر این ڈبلیو پیٹرسن نے گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا

## انٹرنیشنل کمیونٹی لندن میں قائد تحریک الطاف حسین کے تحفظ، سیکورٹی اور ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے قاتلوں کی گرفتاری کیلئے اپنا مثبت کردارادا کرے، رابطہ کمیٹی

## امریکی عدالت کی جانب سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو 86 سال قید کی سزا پر اظہار تشویش

کراچی۔۔۔27،ستمبر 2010ء

پاکستان میں امریکہ کی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن نے پیر کی صبح متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے اراکین محترمہ نسرین جلیل اور مصطفی کمال نے ملاقات کی اورلندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا۔ملاقات تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہی۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی نے امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن کو لندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے قاتلوں کی گرفتاری اور اس ضمن میں دنیا بھر کی حکومتوں اورانٹیلی جنس ایجنسیوں کو اپنے اثر ورسوخ اور ذرائع استعمال کرکے سازش کو بے نقاب کرنے پر زور دیا۔رابطہ کمیٹی نے لندن میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی زندگی کو لاحق خطرات پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور جناب الطاف حسین کی زندگی کے تحفظ وسیکورٹی انٹرنیشنل کمیونٹی سے اپنا مثبت کردارادا کرنے کی اپیل کی۔رابطہ کمیٹی نے امریکی عدالت کی جانب سے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو 86 سال قید کی سزا پر اپنی اور ملک بھر کے عوام کی جانب سے گہری تشویش کا اظہار کیا۔

## لندن میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کا اجتماع

## اجتماع میں ایم کیوایم کے ذمہ داروں، کارکنوں اور ہمدرد پاکستانیوں کی بڑی تعداد میں شرکت

لندن۔۔۔27،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر اورشہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے بہیمانہ قتل کے خلاف ایم کیوایم کے دس روزہ سوگ کے آخری دن شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع ہوا اورشہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے اراکین، ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی، مختلف یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، برطانیہ میں مقیم مختلف شعبوں سے تعلق

رکھنے والے پاکستانیوں اوران کے اہل خانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی گئی۔اس موقع پر حافظ مسرورالحسن نے فاتحہ خوانی کرائی ۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کے بلند درجات،سوگوارلواحقین کیلئے صبرجمیل، پاکستان کی بقاءوسلامتی اورایم کیوایم کےخلاف سازشوں کے خاتمہ کےعلاوہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وعافیت کیلئےخصوصی دعا کی گئی۔

## سینیٹراسماعیل بلیدی اور جے یوآئی کے رہنماؤں کے نمائندہ وفداورکراچی پریس کلب کے وفدکی نائن زیروپرملاقات

## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پرافسوس کااظہارکیا

کراچی۔۔۔27،ستمبر2010ء

جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سینیٹراسماعیل بلیدی اور جے یوآئی ف کے رہنماؤں کےایک نمائندہ وفد نے گزشتہ روزایم کیوایم کے مرکز نائن زیروپرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیرڈاکٹرصغیراحمداورحق پرست وفاقی وزیربابرخان غوری سے ملاقات کی اورلندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیا۔اس موقع پررکن قومی اسمبلی اقبال قادری،حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی امام الدین شہزاداورعامرمعین پیرزادہ بھی موجود تھے۔ملاقات میں سینیٹر اسماعیل بلیدی نے کہاکہ ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کو بڑاسانحہ قراردیتے ہوئے ہے شہید کے بلند درجات اورمغفرت کیلئے دعا کی۔دریں اثناء کراچی پریس کلب عہدیداران کےایک وفد نے نائن زیروپررابطہ کمیٹی کےرکن وحق پرست صوبائی وزیرڈاکٹرصغیراحمداورحق پرست صوبائی وزیرفیصل سبزواری سے ملاقات کی اورڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر اپنے گہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیااورشہید کی مغفرت کیلئے دعابھی کی۔

## مزدورکسان پارٹی کےسربراہ فتحیاب علی خان کےانتقال پرالطاف حسین کااظہارافسوس

لندن۔۔۔27،ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مزدورکسان پارٹی کے سربراہ فتحیاب علی خان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مزدورکسان پارٹی کے تمام رہنماؤں،کارکنوں اورمرحوم کےعزیزواقارب سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے کہاکہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کےغم میں برابرکےشریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ فتحیاب علی خان مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سابق وفاقی وزیرآفاق شاہدکےانتقال پرحق پرست ارکانِ قومی اسمبلی کااظہارِافسوس

کراچی۔۔۔27 ستمبر2010ء

حق پرست ارکانِ قومی اسمبلی نے پاکستان پیپلزپارٹی کے سینئررہنماوسابق وفاقی وزیرآفاق شاہد کےانتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کےتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی۔ارکان قومی اسمبلی اللہ تعالیٰ کےحضوردعا کی کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطافرمائے۔(آمین)

## قائدتحریک الطاف حسین کوصفحہ ہستی سے مٹانے کی گھناؤنی سازش شیطانی اورانتہائی ناپاک ہے
## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے نائن زیروپر پیغامات

کراچی۔۔۔27،ستمبر2010ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افرادسمیت ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے بین الاقوامی اسٹیبلشمنٹ اور طاقتورممالک کی جانب سے قائدتحریک جناب الطاف حسین کوصفحۂ ہستی سے مٹانے کی گھناؤنی سازش کوشیطانی اورانتہائی ناپاک منصوبہ قرار دیا ہے۔ایم کیوایم کی ویب سائٹ www.mqm.org پر قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے کارکنوں کیلئے جاری کئے گئے خط کے مندرجات پڑھنے کے بعدایم کیوایم کے مرکز نائن زیروپر ٹیلی فون،فیکس اورای میل پر پیغامات کی بھر مار ہوگئی جن میں ایم کیوایم کے کارکنان ، ہمدردوں ،عوام اورمختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے اس گھناؤنی سازش کی مذمت اوراس پر اپنے شدید ردعمل اورانتہائی گہری تشویش کااظہار کیا ہے۔اپنے ردعمل کااظہار کرنے والوں میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام ،تاجروصنعتکار، وکلاء، ڈاکٹرز ،انجینئرز ،اساتذہ کرام اورزندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بہت بڑی تعدادشامل ہے۔پیغامات میں انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کواگرزرہ برابر بھی گزند پہنچی تو یہ نہ صرف ملک بلکہ دنیا بھرمیں ان کے چاہنے والے کروڑوں عوام کیلئے ناقابل برداشت عمل ہوگا اس کاردعمل اتنا شدید ہوگا کہ بین الاقوامی اسٹیبلشمنٹ اور طاقتورممالک اس کاتصورتک نہیں کرسکتے ۔انہوں نے کہا کہ لندن میں بھی جناب الطاف حسین کوقتل کرنے کی گھناؤنی سازشوں پرعملدرآمدشروع کردیا گیا ہے تو اس ناپاک سازش پرعملدرآمد کرنے والوں کودنیا میں کہیں بھی جائے پناہ نہیں مل سکے گی ۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی پوری زندگی حق پرستانہ مشن،مقصداورنظریئے کے فروغ اور ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اورسردارانہ نظام کے خاتمے کی جدوجہد میں گزاری ہے لہٰذا برطانوی حکومت اورایجنسیاں لندن میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے تحفظ کیلئے خصوصی اورسخت نوعیت کے اقدامات بروئے کارلائیں اوران کی زندگی کا تحفظ ہر قیمت پریقینی بنائے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے بعد قائدتحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی سازش نہ صرف ملک بلکہ دنیا بھر کے پرامن عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے اوردنیا بھر کے امن پسند حلقوں کواس گھناؤنی سازش کے پیچھے کارفرما قوتوں کے مذموم عزائم کی مذمت کرنی چاہیئے ۔اپنے پیغامات میں انہوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر،صحت وتندرستی،ان کے تحفظ اورناگہانی آفات سے بچاؤ کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## اے پی ایم ایس اوسیکٹرڈی کے تحت متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینئر اورشہیدِ انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کے ایصال ثواب کے لیےقرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اہتمام

کراچی۔۔۔27 ستمبر2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے سیکٹرڈی کے تحت متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینئر اورشہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کی لندن میں المناک شہادت پر ان کی روح کوایصال ثواب پہنچانے کے لیے لیاقت ڈگری گورنمنٹ کالج ملیر میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اہتمام کیا گیا۔جس میں اراکین سیکٹرکمیٹی سیکٹرڈی اورکارکنان سمیت مختلف کالجز کے پرنسپلز،اساتذہ کرام،نان ٹیچنگ اسٹاف اورطلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پرحاضرین نے دعا کی کہ اللہ تعالٰی شہید انقلاب ڈاکٹرعمران فاروق کے درجات بلندفرمائے اور بانی وقائدتحریک محترم الطاف حسین اورشہید کے لواحقین سمیت تمام کارکنان کوصبرجمیل عطا فرمائے۔بعدازاں شہید ڈاکٹرعمران فاروق کے قتل کوبہیمانہ اور گھناؤنا اقدام قرار دیتے ہوئے قاتلوں کی فوری گرفتاری اورانھیں سخت ترین سزا دینے کا مطالبہ بھی کیا گیا۔

☆☆☆☆☆